نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی بھوری اور زرد کنگی کے ممکنہ حملہ کے پیش نظر سفارشات جاری کر دیں

لاہور،2مارچ2025: محکمہ زراعت کے شعبہ پیسٹ وارننگ نے گندم پر حملہ آور بیماریوں کے بارے میں الرٹ جاری کر دیا۔ صوبہ پنجاب میں کاشتہ گندم کی فصل پر بھوری اور زرد کنگی کے چند سپاٹس مشاہدہ میں آئے ہیں۔ موجودہ موسمی حالات گندم کی بیماریوں کے پھیلاؤ کیلئے ساز گار ہیں۔ محکمہ زراعت پنجاب کی سفارشات کے مطابق کاشتکار روزانہ کی بنیاد پر اپنی فصل کا معائنہ جاری رکھیں۔ فصل میں ٹکڑیوں کی صورت میں بیماریوں کا حملہ نظر آنے پر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین سے مشورہ کریں اور حملہ شدہ حصوں پر صرف سفارش کردہ زہروں کا سپرے کریں۔

☆☆☆☆